# آؤٹ پیشنٹ سروسز

(بیرونی مریضوں کے لیے دستیاب خدمات)



شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اینڈ ریسرچ سینٹر

## شوکت خانم ہسپتال سے باہر کسی دوسری جگہ سے کرائے گئے علاج کی ادائیگی کے بارے میں معلومات:

شوکت خانم ہسپتال میں علاج کی غرض سے آنے والے مریضوں کو علاج معالجہ کی بہترین ممکن سہولیات فراہم کرنے کے لیے مخلصانہ کوشش کرتا ہے۔ تاہم کسی وقت مریض کو ایسے علاج/تحقیق کی غرض سے دوسرے ہسپتال بھیجا جا سکتا ہے جن کی سہولیات شوکت خانم ہسپتال میں دستیاب نہ ہوں یا ایسا مریض جس کو فوری داخلے کی ضرورت ہو اور بستر موجود نہ ہو۔ اس ضمن میں شوکت خانم ہسپتال دوسرے ہسپتال سے لی گئی سہولیات کی ادائیگی یا رقم کی واپسی نہیں کرے گا۔

## وہیل چیئرز اور سٹریچرز:

آؤٹ پیشنٹ ایریا میں مریضوں کے استعمال کے لیے وہیل چیئرز اور سٹریچرز دستیاب ہیں۔ اگر آپ کو ہسپتال کے اندر کسی بھی کلینیکل ایریا میں مریض کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے لیے وہیل چیئر/سٹریچر یا مریض کی منتقلی کے لیے عملہ کی مدد درکار ہو تو برائے مہربانی مرکزی استقبالیہ (مین ریسیپشن) پر موجود سٹاف یا ہسپتال کے کسی بھی ملازم سے اس بارے میں بات کیجیے۔

## مریض کی رپورٹیں:

اگر آپ کو اپنی رپورٹ کی نقل یا میڈیکل سمری کی ضرورت ہے تو ہسپتال کی سروسز بلڈنگ کے گراؤنڈ فلور پر موجود میڈیکل ریکارڈز ڈیپارٹمنٹ سے رجوع کریں۔

## سکیورٹی:

اگر آپ کے پاس کچھ غیر ضروری سامان موجود ہے تو وہ آپ کو ہسپتال کے داخلی گیٹ پر موجود سکیورٹی گارڈز کو جمع کرانا ہوگا۔ انفیکشن کے خطرے کے باعث ہسپتال میں مریضوں کے لیے پھول اور پھل لانے کی اجازت نہیں ہے۔ تمام مریضوں، ان کے لواحقین اور ہسپتال ملازمین سے درخواست ہے کہ اپنے ذاتی سامان کی خود حفاظت کریں۔ شوکت خانم ہسپتال کسی نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ برائے مہربانی کسی چیز کے ملنے یا گم ہونے کی صورت میں ہسپتال کے سکیورٹی عملے کو مطلع کریں۔

## علاج کے اخراجات کا تخمینہ:

مریضوں کے علاج کے اخراجات کا انحصار مرض کی نوعیت پر ہے۔ اخراجات کا انحصار بہت سے عوامل پر بھی ہوتا ہے جیسے مرض کس مرحلے پر ہے یعنی ابتدائی مرحلے پر ہے یا

حالت خاصی خراب ہو چکی ہے، علاج کا طریقہ کار، مرض اور علاج میں پیچیدگیاں، مریض کی جسمانی حالت اور مریض کا علاج پر ردعمل۔ علاج کے اخراجات کا صحیح تخمینہ اسی وقت کیا جا سکتا ہے جب مریض ہسپتال آ کر فزیشن سے ملاقات کرے اور اس کے علاج کا پورا منصوبہ تیار کر لیا جائے۔ آپ سے درخواست ہے کہ اپنے فزیشن سے پہلی ملاقات کے بعد اپنے علاج کے تخمینے کے لیے آؤٹ پیشنٹ ایریا میں واقع بزنس سروسز آفس سے رابطہ کریں۔

## آراء اور تجاویز:

آپ کی جانب سے دی گئی آراء اور تجاویز ہمارے لیے بیش قدر ہیں۔ آپ کے اظہار رائے کے لیے تمام کاؤنٹرز پر اردو اور انگریزی زبان میں کارڈز برائے تجاویز موجود ہیں۔ آپ مکمل آزادی سے ان کارڈز کو پُر کریں اور اپنے قریب موجود ڈونیشن والے ڈبے میں ڈال دیجیے۔ کسی شکایت کی صورت میں برائے مہربانی کاؤنٹرز پر موجود پیشنٹ ریلیشن آفیسر یا ایریا منیجر سے رابطہ کریں۔

## نوشو رول No Show Rule

(ایسے مریضوں کے لئے جو معائنے کے لئے مقررہ وقت پر نہ آئیں)۔

غیر حاضری کی صورت میں اگر کوئی رجسٹرڈ مریض علاج کے دوران اپنے معالج کے ساتھ ملاقات برائے او پی ڈی کلینکس، بیماری کی تشخیص سے متعلقہ ٹیسٹ، پروسیجر اور کیموتھراپی/ریڈیوتھراپی کے اپنے مقررہ وقت پر نہیں آتا تو ہسپتال کی طرف سے مریض کو SMS کے ذریعے اس بارے میں یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ ہسپتال سے فی الفور رابطہ کرے اور متعلقہ ڈاکٹر کا وقت لے۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں مریض کے متعلقہ معالج کو مطلع کیا جائے گا اور بعد ازاں مریض کو علاج کی سہولیات سے دستبردار ہونا پڑے گا۔ تاہم اگر مریض علاج کے لئے واپس آنے کا خواہش مند ہو تو اس وقت کی مریضوں کو علاج کے لئے داخل کرنے کی ہدایات کے مطابق اس کا دوبارہ معائنہ کیا جائے گا۔

## کینسر ڈسچارج پالیسی:

جب کسی مریض کا علاج مکمل ہو جائے اور اسے ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا جائے تو مزید معائنے کی معلومات کے لیے برائے مہربانی آؤٹ پیشنٹ ڈیپارٹمنٹ یا ڈاک ان بکنگ سے رابطہ کرے۔ تاہم مریض فیس ادا کر کے ان اونکالوجی (کینسر کے بغیر) خدمات حاصل کر سکتا ہے۔

## فوڈ پالیسی:

انفیکشن کے خطرے کے باعث ہسپتال میں چند مخصوص جگہوں جیسے کیفے ٹیریا اور ان پیشنٹ روم کے علاوہ کہیں بھی کچھ کھانے کی اجازت نہیں ہے۔ علاوہ ازیں اس پالیسی کا ایک مقصد ہسپتال میں کیڑے مکوڑوں کو پھیلنے سے روکنا ہے۔

## سگریٹ نوشی کے حوالے سے پالیسی:

شوکت خانم ہسپتال اپنے ملازمین اور مریضوں کو دھوئیں سے پاک ماحول فراہم کرتا ہے۔ چنانچہ ہسپتال کی حدود بشمول بلڈنگ اور گراؤنڈز کے اندر سگریٹ نوشی مکمل طور پر منع ہے۔

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
Lahore: 7-A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan
Tel: +92 42 359 5000 | UAN: 042 111 155 555
Peshawar: 5-B, Sector A-2, Phase V, Hayatabad, Peshawar, Pakistan
Tel: +92 91 588 5000 | UAN: 091 111 155 555
www.shaukatkhanum.org.pk

## آؤٹ پیشنٹ سروسز (بیرونی مریضوں کے لیے دستیاب خدمات)

شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اینڈ ریسرچ سنٹر کے آؤٹ پیشنٹ ڈیپارٹمنٹ میں مریضوں اوران کے لواحقین کو رجسٹریشن ،اپوائنٹمنٹ (ڈاکٹر سے معائنے کے لیے وقت لینا) اور ہسپتال کے بارے میں دیگر معلومات فراہم کرنے کے سلسلے میں پیشنٹ کیئر آفیسر موجود ہوتے ہیں۔ نیچے جو معلومات دی جارہی ہیں ،ہمیں امید ہے کہ شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اینڈ ریسرچ سنٹر آنے پر آپ کے لیے خاصی مددگار ثابت ہوں گی۔

## اپوائنٹمنٹس (ڈاکٹر سے معائنہ کا وقت لینا)

آؤٹ پیشنٹ کلینکس کے لیے اپوائنٹمنٹس ہسپتال کے مرکزی استقبالیہ (مین ریسیپشن) اور آؤٹ پیشنٹ کے حصے میں قائم او پی ڈی کاؤنٹر سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ ملاقات کا وقت آپ ٹیلی فون ،فیکس یا ای میل کے ذریعے بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر آپ نے فیکس یا ای میل کے ذریعے ملاقات کا وقت حاصل کرنے کی درخواست کی ہے تو شوکت خانم ہسپتال کا عملہ وقتاً فوقتاً آپ سے رابطے میں رہے گا تاکہ آپ کو ملاقات کے وقت کے بارے میں باخبر رکھا جاسکے۔ اگر آپ اس بارے میں واضح نہیں ہیں کہ آپ کو کون سے ڈاکٹر سے وقت لینا ہے تو آپ اپنی رپورٹس فیکس یا ای میل کے ذریعے بھیج دیں، ہمارا مستعد سٹاف بیماری کے متعلقہ ڈاکٹر سے وقت لے کر دینے میں آپ کی رہنمائی کرے گا۔ اگر آپ کو ڈاکٹر سے لیے گئے وقت کو منسوخ یا تبدیل کروانا ہے تو براہ کرم از کم 24 گھنٹے پہلے اطلاع کریں۔ یہ کام آپ فون کال یا ای میل کے ذریعے بھی کرسکتے ہیں۔

فون کال کے ذریعے ڈاکٹر سے وقت لینے کے لیے درج ذیل نمبروں پر رابطہ کریں:

+92 423 5905000 یا 042 111-155-555

ایکسٹینشن 8888 / 3435

فیکس کے ذریعے اپوائنٹمنٹ (ڈاکٹر سے ملاقات کا وقت) لینے کے لیے درج ذیل نمبر پر اپنی رپورٹس فیکس کریں۔

+92 423 5945144

رپورٹس فیکس کرتے وقت اپنا نام اور رابطے کے لیے نمبر ضرور درج کریں۔ براہ مہربانی اپنی رپورٹس اور درخواست درج ذیل ای میل ایڈریس پر ارسال کریں۔

outpatient@skm.org.pk

## قیام کی سہولت:

ہسپتال دیکھ بھال کے لیے مریض کے ساتھ آنے والوں کو قیام کی سہولت فراہم نہیں کرتا، البتہ ہسپتال کے متصل مسافر خانے شوکت خانم ہسپتال کے رجسٹرڈ زیر علاج مریضوں کو مفت قیام کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔ مقررہ اوقات پر مسافر خانے لے جانے اور وہاں سے واپس لانے کی مفت سہولت بھی دی جاتی ہے۔ مسافر خانہ کے لیے بکنگ فارم ہسپتال کے مرکزی استقبالیہ سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ ہسپتال مریض یا اس کی دیکھ بھال کے لیے اس کے ساتھ آنے والوں کو عارضی اقامت گاہ تو فراہم نہیں کرتا البتہ مرکزی استقبالیہ پر موجود پیشنٹ کیئر آفیسر آپ کی رہنمائی اور مدد کے لیے موجود ہوتے ہیں۔ آپ ان سے مدد لے سکتے ہیں۔

## دیکھ بھال کے لیے مریض کے ساتھ آنے والے افراد:

جگہ کی کمی کے سبب ہسپتال میں صرف ایک فرد کو مریض کی دیکھ بھال کے لیے اس کے ساتھ رہنے کی اجازت ہوگی۔ متعدی بیماری میں مبتلا افراد کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ہسپتال آنے سے گریز کریں کیونکہ ان کی بیماری مریضوں اور دوسرے افراد کو متاثر کرسکتی ہے۔

## کلینیکل سروسز:

شوکت خانم ہسپتال میں درج ذیل شعبوں میں مہارت رکھنے والے فزیشنز، سرجنز اور سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی بھرپور ٹیم موجود ہے۔

☆ میڈیکل اونکالوجی
☆ پیڈی ایٹرک اونکالوجی
☆ کلینیکل اینڈ ریڈی ایشن اونکالوجی
☆ سرجیکل اونکالوجی
☆ ای۔این۔ٹی
☆ انٹرنل میڈیسن
☆ کارڈیالوجی
☆ اوفتھمالوجی
☆ ڈینٹل سرجری
☆ اوروفیشل پین اینڈ ہیڈیک
☆ درد کو کم کرنے اور ذہن کو سکون بخشنے والی ادویات
☆ اینستھیزیالوجی
☆ تھوریسک سرجری
☆ کمپری ہنسو ایڈلٹ کینسر کلینک
☆ اینڈوکرینالوجی اینڈ ذیابیطس کیئر
☆ گیسٹرو انٹیرولوجی
☆ گائناکالوجیکل سرجری
☆ انفیکشن والی بیماریاں
☆ نیوروسرجری
☆ نیورولوجی
☆ نیفرالوجی
☆ نیوکلیئر ادویات
☆ اورل اینڈ میگزیلو فیشل سرجری
☆ آرتھوپیڈک سرجری
☆ پلمونری اینڈ کریٹیکل کیئر
☆ پیڈی ایٹرک سرجری
☆ سائیکاٹری
☆ پلاسٹک اینڈ ری کنسٹرکٹیو سرجری
☆ پیتھالوجی
☆ درد پر قابو پانے کے معاملات
☆ ریڈیالوجی
☆ یورالوجی

شوکت خانم ہسپتال طبی صحت کے درج ذیل شعبوں میں بھی خدمات پیش کرتا ہے۔

☆ کلینیکل سائیکالوجی
☆ کلینیکل نیوٹریشن
☆ فزیوتھراپی
☆ ریسپائریٹری تھراپی
☆ سپیچ تھراپی

## ایمرجنسی سروسز (ای آر):

شوکت خانم ہسپتال اپنے تمام رجسٹرڈ مریضوں کو 24 گھنٹے ایمرجنسی سروسز فراہم کرتا ہے۔ ہنگامی صورتحال سے دوچار مریضوں کو علاج اور دیکھ بھال آؤٹ پیشنٹ ایریا میں موجود ایمرجنسی اسیسمنٹ روم میں **24 گھنٹے** کی جاتی ہے۔ شوکت خانم ہسپتال کی ایمرجنسی میں ٹراما سروسز فراہم نہیں کی جاتیں۔ ایمرجنسی کے مریضوں کی درجہ بندی کی جاتی ہے کہ کون سے مریض کی حالت زیادہ خراب ہے۔ جس مریض کو فوری توجہ اور دیکھ بھال کی ضرورت ہوتی ہے اسے ترجیحی بنیادوں پر سروسز فراہم کی جاتی ہیں۔

## مالی مدد:

ایک اندازے کے مطابق پاکستان میں ہر سال کینسر کے تقریباً ڈیڑھ لاکھ افراد کینسر کے مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ شوکت خانم ہسپتال اس مشن کے تحت تعمیر کیا گیا کہ کینسر کے مریضوں کی تشخیص اور علاج معالجہ کی جدید ترین سہولیات بلا امتیاز فراہم کی جائیں۔ البتہ ہسپتال کے وسائل محدود مریضوں کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرسکتے ہیں۔ اس لیے ہسپتال اپنے وسائل کو بہتر طریقے سے بروئے کار لاتے ہوئے صرف ان مریضوں کو علاج کے لیے ترجیح دیتا ہے جن کو کینسر کے علاج سے بہترین استفادہ ہو۔ لاہور، کراچی، اور پشاور میں ہمارے واک ان کلینکس موجود ہیں جن میں مریضوں کا معائنہ اور ہسپتال کی مالی معاونت سے علاج کے لیے مریضوں کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے آؤٹ پیشنٹ ڈیپارٹمنٹ یا فنانشل سپورٹ سروسز کے شعبے سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

واک ان کلینکس میں منتخب ہونے والا ہر مریض اپنی رجسٹریشن کے بعد پہلے دن سے ایک سال تک کینسر کے ایکٹو ٹریٹمنٹ پر ہوتا ہے۔ وہ مریض جو کینسر کے ایکٹو ٹریٹمنٹ پر نہیں ہیں یعنی وہ نان ایکٹو ٹریٹمنٹ پر ہیں اور ہسپتال سے مالی خدمات حاصل کررہے ہیں، انہیں تمام کینسر سروسز کے علاوہ (نان اونکالوجی سروسز) مثلاً ذیابیطس، نیوٹریشن سپورٹ، خصوصی پیرامیڈیکل آئٹمز وغیرہ کے لیے ادائیگی کرنا ہوگی البتہ کینسر سروسز کے لیے انہیں فنانشل سپورٹ سروسز کی جانب سے طے کردہ شرح پر مالی امداد دستیاب رہے گی۔

اگر کینسر کا علاج کرنے والا فزیشن یہ سمجھے کہ ایک سال کا عرصہ گزر جانے کے باوجود سرگرم علاج (ایکٹو ٹریٹمنٹ) جاری رکھنے کی ضرورت ہے تو اس صورت میں فزیشن مریض کو دوبارہ ایکٹو کینسر ٹریٹمنٹ پر واپس لاسکتا ہے۔ ایکٹو ٹریٹمنٹ سٹیٹس تین ماہ تک قائم رہے گا اور اس عرصے میں پہلے کی طرح ایکٹو کینسر ٹریٹمنٹ کے تمام اصول لاگو رہیں گے۔